(جلد دوم)

# مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

## اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِیِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ


مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی



ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

# کل الحقوق محفوظۃ


نام کتاب ------ مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مؤلف ------ آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم ------ حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام ------ مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر ------ ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ ------ غلام حیدر چودھری

ہدیہ ------ =/200 روپے

ظاہر ہے۔ اسی طرح سورہ رحمن میں انسان کی تاویل علیؑ کے ساتھ کی گئی ہے، کیونکہ علیؑ کمالات اور خوبیوں کے ظہور کے لحاظ سے انسان کا کامل ترین فرد ہے اور اکمل ترین مصداق ہے۔
(بحار الانوار، ۹۰/۲۴۰، ح ۸۱/۲۳، ۱۳۰)

اس مطلب کے بیان کے بعد ہم کہتے ہیں کہ آیہ شریفہ

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ

میں تثنیہ کی ضمیر لانے کا راز یہ ہے کہ یہ ایک کامل انسان مثل علیؑ کے مقابلے آئے ہیں۔ لہذا اس ضمیر کو ان کی طرف لوٹنا چاہیے جنہوں نے امیر المومنینؑ کے ساتھ ظلم کیا ہے۔ جیسے کہ حدیث میں ان دو کی دو غاصب خلفاء کے ساتھ تاویل کی گئی ہے، اور سوال میں جو دو اسیر اور شیطان کا ذکر ہے۔ ان سے بھی یہی تو غاصب خلیفے مراد ہیں۔ پس اس بنا پر انسان کے اس مصداق کے متعلق جواب جو بہشت، دوزخ اور ایمان و کفر کی قابلیت رکھتا ہو سورہ رحمن میں تمام عناوین کے ساتھ موجود ہے۔ (تاویل الآیات ۲/۶۳۳)

(۳) ان اشعار کو ہم ذکر کرتے ہیں جو صاحب بن عبادؒ نے اپنی کتاب کی ابتداء میں حضرت امام رضاؑ کے لئے وہ کہے ہیں۔

"اے وہ جو شہر طوس کی طرف پاک مشہد اور پاکیزہ و بلند مرتبہ سرزمین کی زیارت کی طرف جا رہا ہے"

"میرا سلام حضرت امام رضاؑ کی خدمت اقدس میں عرض کرنا اور اپنے آپ کو اس گرامی قدر قبر پر گرا دینا جہاں افضل ترین ہستی پوشیدہ ہے"

"خدا کی قسم! خدا کی قسم! اور یہ وہ قسم ہے جو ایسے شخص انسان سے صادر ہوئی ہے جو محبت و ولایت میں غرق ہے"

"بے شک اگر میرے اختیار میں ہوتا تو میں اپنا ٹھکانا طوس میں قرار دیتا اور یہ میرے لئے خوشی کا باعث تھا"